© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# علامہ احسان الٰہی ظہیر کی گرفتاری

علامہ احسان الٰہی ظہیر ایم۔ اے فاضل مدینہ یونیورسٹی کو ۲ ر اکتوبر شام کو میاں چنوں میں ڈیفنس رولز آف پاکستان کی دفعہ ۱۶ کے تحت گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ان کی گرفتاری سول لائنز بہاول پور اور وہاڑی میں ایک جلسہ عام کے دوران کی گئی تقریر کی بناء پر عمل میں لائی گئی، اس شام علامہ صاحب پاکستان جمہوری پارٹی کے زیر اہتمام ایک جلسہ عام سے خطاب کرنے والے تھے، جس کے مقررین نواب زادہ نصر اللہ خان اور میجر جنرل ریٹائرڈ سرفراز خان بھی شامل تھے۔

پاکستان پریس انٹرنیشنل کی اطلاع کے مطابق آپ کی گرفتاری بہاول پور پولیس کے ذریعہ عمل میں آئی۔

اسی طرح پاکستان جمہوری پارٹی کے راہنما جناب حمزہ ایم۔ اے بھی گرفتار کر لئے گئے۔

© rasailojaraid.com

©·rasailojaraid.com



ان دونوں لیڈروں کی گرفتاری کی وجہ کا فوری طور پر علم نہیں ہو سکا۔

یاد رہے کہ ان دونوں نے بہاولپور میں ۳۰ ستمبر کو لودھراں میں یکم اکتوبر اور وہاڑی میں گزشتہ روز تقاریر کی تھیں۔

امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث حضرت مولانا حافظ محمد صاحب گوندلوی، اور نواب زادہ نصر اللہ خان اور دیگر راہنماؤں نے ان کی گرفتاری کی مذمت کی اور فوری رہائی کا مطالبہ کیا۔

© rasailojaraid.com